بسم اللہ الرحمٰن الرحیم • ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللّٰھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلٰی آلہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الٰہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا اٰخذ صدقات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار زکوٰۃ وصول کرنے والے درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

إشارة إلى قوله :

" خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَ تُزَكِّيْهِمْ بِهَا وَصَلِّ عَلَيْهِمْ ط" (سورة التوبة آية ١٠٣)

عن عبد الله بن ابی اوفٰی رضی اللہ عنہ يقول كان رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم اذا اتاه الرجل بصدقة ماله صلى عليه فاتيته بصدقة مالی فقال اللهم صل علٰی اٰل ابی اوفٰی ۔

(سنن ابن ماجۃ ص١٢٨)

اشارہ ہے اس قول کی طرف " آپ ان لوگوں کے مالوں میں سے صدقہ لے لیجیے جس کے ذریعے سے آپ ان کو پاک و صاف کردیں گے اور ان کے لیے دعا کیجیے ۔ "

حضرت عبداللہ بن ابو اوفٰی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جب کوئی شخص اپنے مال کی زکوٰۃ لے کر حاضر ہوتا تو آپ اس کے واسطے دعائے رحمت فرمایا کرتے ۔ ایک مرتبہ میں آپ کے سامنے اپنے مال کی زکوٰۃ لے کر حاضر ہوا تو آپ نے میرے واسطے یہ دعا فرمائی ۔ اے اللہ رحمت بھیج ابو اوفٰی کی آل پر ۔